# پہلی مسیحی چھوٹی کتاب

"دی ڈیڈا یچے" (100 اے۔ڈی)

## 1۔دوراستے ہیں۔

1:1 دوراستے ہیں ایک زندگی کااور ایک موت کا ! اوران دونوں
راستوں کے درمیان بہت فرق ہے۔
1:2 زندگی کاراستہ یہ ہے۔پہلا تم خداسے محبت کرو جس نے تمہیں
بنایا ہے ۔ اور دوسرا اپنے پڑوسی سے اپنی مانند محبت رکھ۔اور
دوسروں کے ساتھ وہ نہ کرو جو تم چاہتے ہو کہ لوگ تمہارے ساتھ
نہ کریں۔
1:3 اِن دونوں فرمان کامطلب یہ ہے۔اُن کے لیے برکت چاہو جو تم
پر لعنت کرتے ہو۔اوراپنے دشمنوں کے لیے دُعاکرو۔اُن کے لیے
روزہ رکھو جو تم کواذیت دیتے ہیں۔کیااُن لوگوں سے محبت اجر کے لیے
ہے جو تم سے محبت کرتے ہیں،غیر قوموں کے ساتھ اُن کی طرح کا
سلوک نہ کرو۔اپنے ساتھ نفرت کرنے والوں سے محبت کرو پھر تمہارا
کوئی دشمن نہیں ہوگا۔
1:4 جسمانی اور مادی شہوتوں سے بچا۔اگر تمہاری دائیں گال پر
کوئی ضرب لگاتاہے۔تو بائیں پھیردو۔کامل بنو۔ اگر کوئی تمہیں
زبردستی ایک میل چلنے کا کہتاہے۔تودو میل چلو ۔اگر کوئی تمہارا
چوغہ لیتاہے۔توتم اُسے اپناکوٹ بھی دے دو۔اگر کوئی تم سے تمہاری
اپنی چیز لے لیتاہے۔تو واپسی کا تقاضانہ کرو۔تم ایسانہیں کر سکتے۔
1:5 جو بھی کوئی تم سے مانگتا ہے۔اُسے دو۔اور اُسے واپسی کا نہ
کہو۔ خدا اپنی برکتیں بانٹتا ہے ۔جو کوئی قوانین کی مطابق
زندگی گزارتا ہے خوش رہتاہے۔وہ بے قصور ہے۔لیکن حاصل
کرنے والے کوآگاہ رہنا چاہیے۔جس کوضرورت ہوتی ہے۔وہ
حاصل کرتاہے وہ بے قصورہے۔لیکن وہ جو بغیر ضرورت کے لیتاہے۔تو
وہ حساب اورجواب کے لیے تیار رہے۔اُس نے کیوں حاصل کیا؟اور
کہاں خرچ کیا؟اگر وہ قصوروار ثابت ہوا تو وہ چھپ نہیں سکتا جب تک
کہ وہ آخری پیسہ تک بھی ادا نہ کردے۔
1:6 تاہم،غور کرو،یہ فرمان ہے" اپنی خیراتیں اپنے ہاتھوں میں
رکھو جب تک تم نہیں جانتے کہ انہیں کسے دیناہے۔"

## 2۔دوسرا حکم۔

2:1 اِس تعلیم کادوسرا حکم یہ ہے۔
2:2 خون نہ کرنا،زنانہ کرنا،خراب لڑکے نہ بننا،غیر قانونی جنسی
تعلق قائم نہ کرنا،چوری نہ کرنا،افسون گری نہ کرنا،جادو گری نہ کرنا۔
تم پیدا ہونے سے پہلے یا پیدا ہونے کے بعد بچے کا قتل نہ کرنا،اپنے پڑوسی
کی چیزوں کالالچ نہ کرنا
2:3 قسم نہ کھانااور جھوٹی گواہی نہ دینا۔دوسروں کے ساتھ بدکلامی
نہ کرنا۔تم بُخل نہ کرنا۔
2:4 تم میں دوہرے ذہن اور دوغلاپن نہیں ہوناچاہیے۔کیونکہ
دوغلاپن ایک مردہ جال ہے۔
2:5 تمہاری باتیں جھوٹی اور خالی نہیں ہونی چاہیے بلکہ اُنہیں عمل
سے مکمل کرو،
2:6 حریص یالالچی یامنافق یاکینہ پرور یاگھمنڈی نہ بنو۔اپنے پڑوسی
کے خلاف خواہش نہ رکھو۔
2:7 کسی سے نفرت نہ کرو۔کچھ ٹھیک کرو۔دوسروں کے لیے دُعا
کرو۔اوراپنی زندگی سے زیادہ دوسروں سے محبت کرو۔

## 3۔میرے بچے بُرائی سے بھاگ ۔

3:1 میرے بچے تمام قسم کی برائی اوراِس طرح کی چیزوں سے
بھاگ۔
3:2 غصہ میں دوہرے نہ ہو جانا۔کیونکہ غصہ قتل وغارت کی طرف
لے جاتاہے۔حسد،لڑائی،جھگڑا طیش یااُن تمام کاموں کو نہ کرناجو قتل و
غارت کی طرف لے جاتے ہیں۔
3:3 میرے بچے شہوت پرست نہ بنا کیونکہ شہوت ناجائز جنسی
عمل کی طرف لے جاتی ہے۔

3:4 میرے بچے فالگیر نہ بننا کیونکہ یہ بت پرستی کی طرف لے جاتی
ہے۔ تم جادو گر یا نجومی یا مطہر نہ بننا جو اُن چیزوں کو دیکھتا یا سنتا ہے جو بت
پرستی کی طرف لے جاتی ہیں۔
3:5 میرے بچے دروغ گو نہ بننا کیونکہ جھوٹ چوری کی طرف لے
جاتا ہے۔ نہ ہی دولت اور شان و شوکت سے محبت کرنا کیونکہ یہ چیزیں
چوری چکاری کی طرف لے جاتی ہیں۔
3:6 میرے بیٹے تو شکایتی نہ بننا کیونکہ یہ کفر کی طرف لے جاتی ہے۔
اور نہ ضدی یا گندے ذہن والا بننا کیونکہ یہ تمام چیزیں کفر کی طرف لے
جاتی ہیں۔
3:7 اِس کے برعکس حلیم بننا کیونکہ حلیم زمین کے وارث ہوں گے۔
3:8 لمبے عرصہ تک دُکھ سہنے والا، رحمدل اور بے خطا اور بامروت
اور اچھا بننا اور کانپتے ہوئے اُس کلام کا ذخیرہ کرنا جو تونے حاصل کیا ہے۔
3:9 اپنے آپ کو بلند نہ کر اور اپنے دِل کو بہت زیادہ اعتماد کے لیے نہ
کھول۔ طاقتور لوگوں کے ساتھ نہیں بلکہ عادل اور عاجز لوگوں کے ساتھ
بے تکلف ہو۔
3:10 جو کچھ بھی تمہارے ساتھ ہوتا ہے۔ اُسے برکت سمجھ کر قبول
کرو۔ یہ جان لو کہ خدا سے الگ ہو کر کچھ نہیں ہو سکتا۔

## 4۔ میرے بچے یاد رکھو

4:1 میرے بچے دِن اور رات اُسے یاد رکھو جو خُدا کا کلام تمہیں پہنچاتا
ہے۔ اُسے آقا کے طور پر عزت دے۔ جہاں کہیں بھی سرداری کی بات
ہے۔ وہاں وہ ہے۔
4:2 ہر دِن مقدسوں کے چہروں کے متلاشی رہو۔ تاکہ تم اُن کے
کلام سے تروتازہ رہو۔
4:3 بٹوارہ کرنے میں پہل نہ کر۔ بلکہ اُن میں جو ایک دوسرے کے
مخالف ہیں دیانتداری کے ساتھ فیصلہ کر اور امن قائم کر۔ تم مظالم کے
خلاف ڈانٹ ڈپٹ کرتے ہوئے لوگوں کی سماجی حیثیت کا خیال نہیں کرو
گے۔
4:4 اپنے فیصلوں میں نہ ڈگمگاؤ۔
4:5 اُن میں سے نہ بنو۔ جو اپنے ہاتھ لینے کے لیے پھیلاتے ہیں۔ یا
دیتے وقت بند کرتے ہیں۔
4:6 اگر تمہارے پاس کچھ ہے۔ تو اپنے گناہوں کا کفارہ اپنے اپنے
ہاتھوں سے دو۔
4:7 دینے سے نہ ہچکچاؤ اور اُس کے متعلق شکایت نہ کرو۔ تم وقت
آنے پر جان لوگے کہ صلہ دینے والا کون ہے۔
4:8 جو طلب گار ہے۔ اُس سے منہ نہ موڑو۔ اِس کی بجائے اپنے
بھائی کے ساتھ تمام چیزوں میں شرکت کرو۔ اور یہ نہ کہو کہ تمہاری
ہیں۔ اگر تم لازوال چیزوں میں دوسروں کو شریک کرتے ہو تو فنا ہونے
والی چیزوں میں کتنا ہونا چاہیے؟
4:9 اپنی بیٹی یا بیٹے سے اپنا ہاتھ نہ ہٹاؤ۔ اُن کی جوانی سے اُن کو تعلیم
دے
4:10 اپنے نوکروں کو جب تم غصے میں ہو حکم نہ دو کیونکہ وہ بھی اُسی
خُدا پر ایمان رکھتے ہیں اور ہو سکتا ہے کہ وہ خُدا کا خوف چھوڑ دیں۔ جو تم
دونوں پر ہے۔ خُدا یقیناً ہم کو ہمارے ظاہری پن یا زندگی میں کچھ مقام کی
وجہ سے نہیں بلائے گا لیکن اُن کو جن کی روح تیار ہے۔
4:11 اور تم اے نوکرو اپنے آقاؤں کی ماتحتی حیا اور خوف میں اُنہیں
خُدا کی شبیہ جان کر کرو۔
4:12 تمہیں ہر قسم کی منافقت اور ہر اُس چیز سے نفرت کرنی چاہیے
۔ جو خُدا کو خوش نہیں کرتی۔
4:13 خُدا کے احکامات کو کسی بھی صورت میں نظرانداز نہ کرو لیکن
جو کچھ تم نے حاصل کیا ہے۔ سنبھالے رکھو۔ نہ اُس میں کچھ اضافہ کرو
اور نہ کچھ نکالو۔
4:14 جماعت میں اپنے حسد کا اقرار کرو اور قصوروار ضمیر کے ساتھ
عبادت کے لیے نہ آؤ۔ یہی طرزِ حیات ہے۔

## 5۔ موت کا راستہ

5:1 دوسری طرف موت کا راستہ یہ ہے۔

5:2 موت کا راستہ اُن لوگوں کا راستہ ہے کہ جو اچھے لوگوں کو اذیت دیتے ہیں۔ سچائی سے نفرت کرتے ہیں۔ جھوٹ سے محبت کرتے ہیں۔ اور راستبازی کی سمجھ نہیں رکھتے۔ وہ اچھے اور سچے انصاف کا انتخاب نہیں کرتے وہ اچھائی کو نہیں دیکھتے بلکہ بُرائی کو دیکھتے ہیں۔ وہ حلیمی اور صبر ، محبت کے عجائب، بدلہ کے مواقع ڈھونڈنا حاجتمندوں اور دبے ہوؤں پر رحم کیے بغیر ان سب باتوں کے لیے وہ اجنبی ہیں۔ اُنہیں اپنے خالق کا پتہ نہیں ہے۔ وہ بچوں کے قاتل خُدا کے بندوں کی شبیہ کو تباہ کرتے ہیں۔ وہ ضرورت مندوں کی طرف سے منہ موڑ لیتے ہیں اور مایوس لوگوں کے لیے خوفناک مسائل پیدا کرتے ہیں۔ وہ امیروں کی وکالت کرتے ہیں۔ غریبوں کے ساتھ ناانصافی کرتے ہیں۔ ایک لفظ میں موت کا راستہ اُن لوگوں سے بھرا پڑا ہے۔ جو گناہ میں ناقابل یقین ہیں۔ بچو اِس تمام سے اپنے آپ کو محفوظ رکھو۔

## 6۔ خیال رہے کہ کوئی تمہیں گمراہ نہ کرنے پائے۔

6:1 خیال رہے کہ کوئی تمہیں اِس تعلیم سے گمراہ نہ کرنے پائے۔ چونکہ تمام تعلیمات آپ کی تربیت خُدا کے بغیر کرتی ہیں۔

6:2 کیونکہ خُداوند کا جوا برداشت کے قابل ہے۔ تمہیں کامل بننا ہو گا۔ لیکن اگر تم قابل ہو تو کم از کم تمہیں وہ کرنا چاہیے جو تم کر سکتے ہو۔

6:3 جہاں تک خوراک کا تعلق ہے۔ تم وہ کرو جو تم کرنے کے قابل ہو۔ اور بتوں کو گوشت چڑھانے کے خلاف محافظ بن جاؤ کیونکہ اِس طرح مردہ خداؤں کی خدمت کرتے ہو۔

## 7۔ جہاں تک بپتسمہ کا تعلق ہے۔

7:1 جہاں تک بپتسمہ کا تعلق ہے۔ تمہیں اِس طرح سے بپتسمہ لینا چاہیے۔ سب چیزوں کی وضاحت کے بعد باپ، بیٹا اور روح القدس کے نام سے بپتسمہ بہتے ہوئے پانی میں دو۔

7:2 لیکن اگر تمہارے پاس بہتا ہوا پانی نہیں ہے۔ پھر دوسرے پانی میں بپتسمہ لو۔ اور اگر تم ٹھنڈے پانی میں بپتسمہ نہیں لے سکتے تب اُسے گرم کر لو۔

7:3 اگر پانی بہت کم ہے تو باپ بیٹا اور روح القدس کے نام سے تین بار پانی سر پر انڈیلو۔

7:4 بپتسمہ سے پہلے بپتسمہ دینے والا اور بپتسمہ لینے والا اُمیدوار دونوں روزہ رکھیں۔ اُمیدوار کو اس سے ایک یا دو دِن پہلے سے روزہ میں ہونا چاہیے۔

## 8۔ تمہارے روزے اور دُعائیں۔

8:1 تمہارا روزہ منافقوں کی طرح نہیں ہونا چاہیے کیونکہ وہ منگل اور جمعرات کو روزہ رکھتے ہیں۔ تمہیں روزہ بدھ اور جمعہ کو رکھنا چاہیے۔

8:2 اور منافقوں کی طرح دُعا نہ کرنا۔ لیکن جیسا کہ خداوند نے انجیل میں فرمایا ہے۔ " اے ہمارے باپ تو جو آسمان پر ہے۔ تیرا نام پاک مانا جائے۔ تیری بادشاہی آئے۔ تیری مرضی جیسی آسمان پر پوری ہوتی ہے۔ زمین پر بھی ہو۔ ہماری روز کی روٹی روز ہمیں دے۔ ہمارے قرض ہمیں بخش جس طرح ہم اپنے قرض داروں کو بخشتے ہیں۔ اور ہمیں آزمائش میں نہ ڈال بلکہ بُرائی سے بچا۔"

8:3 اِس دُعا کو دِن میں تین دفعہ کریں۔

## 9: جہاں تک پاک شراکت کا تعلق ہے۔

9:1 جہاں تک پاک شراکت کا تعلق ہے اِس طرح شکریہ ادا کریں۔

9:2 پہلا، جہاں تک پیالے کا تعلق ہے۔ اے ہمارے باپ ہم داؤد تیرے خادم کی اِس مے کے لیے تیرا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ جو تو نے اپنے خادم یسوع مسیح کے ذریعے سے ہمارے لیے بنائی۔ تیرا جلال ہمیشہ تک ہو۔

9:3 اگلا، جہاں تک توڑی گئی روٹی کا تعلق ہے۔ اے باپ ہم زندگی اور علم کے لیے تیرا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ جو تو نے اپنے خادم یسوع مسیح کے ذریعے سے ہمارے لیے بنائی تیرا جلال ہمیشہ تک ہو۔

9:4 جیسا کہ یہ توڑی ہوئی روٹی پہاڑوں پر بکھیر دی گئی اور پھر آپس میں اکٹھی کر دی گئی اور ایک بنا دی گئی۔ پس اپنی کلیسیاء کو بھی زمین کی انتہا سے اپنی بادشاہت میں اسی طرح اکٹھا کر دے۔ پس تیرا جلال خداوند یسوع مسیح کے ذریعے سے ہمیشہ تک ہوتا ہے۔

9:5 جب تک کہ کوئی خداوند کے نام سے بپتسمہ نہیں لیتا اُسے اپنی
پاک شراکت کھانے اور پینے کی اجازت نہ دے۔ اِس سلسلے میں خداوند
نے کہا، "کہ اِس مقدس کو کتوں کو نہ دو۔"

## 10۔ پاک شراکت کے بعد

10:1 پاک شراکت کے بعد جب تم سیر ہو چکے تو اِس طرح شکریہ ادا
کریں۔
10:2 اے مقدس باپ تیرے مقدس نام کا جس نے ہمارے دِلوں
کو مقدس کر کے محفوظ کیا۔ اور علم کے لیے، اور ایمان کے لیے، اور
ابدیت کے لیے تیرا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ جو تو نے اپنے خادم یسوع مسیح
کے ذریعے سے ہمارے لیے بنائی تیرا جلال ہمیشہ تک ہو۔
10:3 اے عظیم آقا تو نے اپنے نام کی خاطر تمام چیزیں بنائیں۔ تو نے
تمام لوگوں کو لُطف اندوز ہونے کے لیے کھانے اور پینے کے لیے دیا۔
اور اُنہیں تیرا شکریہ ادا کرنا چاہیے۔ ہمیں اپنے خادم خداوند یسوع مسیح
کے وسیلے سے کھانے اور پینے کے لیے روحانی خوراک اور ابدی زندگی
مفت میں دے۔
10:4 تمام چیزوں سے پہلے ہم تیرا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ کیونکہ تو
عظیم ہے۔ تیرا جلال ہمیشہ تک ہو۔
10:5 اے خداوند اپنی کلیسیاء کو یاد رکھ اُس کو تمام برائیوں سے آزاد
رکھ۔ اور اپنی محبت میں اُسے کامل بنا اور اسے چار ہواؤں سے اکٹھا کر کے
اپنی بادشاہت کے لیے پاک کر جو تو نے اُس کے لیے بنائی ہے۔ تیرا جلال
اور قوت ہمیشہ تک ہو۔
10:6 تیرا جلال ظاہر ہو اور اِس دُنیا سے ہو کر گزر جائے۔
ابنِ داؤد کی ہوشنعا اگر کوئی مقدس ہے تو اُسے آنا چاہیے اگر کوئی مقدس
نہیں ہے تو اُسے توبہ کرنی چاہیے ہیلیلویاہ! آمین۔
10:7 لیکن نبی کو اجازت دے کہ وہ اپنی خواہش کے مطابق کھانے
کے شکریہ کی مختصر دُعا فرمائے۔

## 11۔ اُستاد کو خوش آمدید۔

11:1 اُستاد کو خوش آمدید کہو جب وہ تمہیں جو کچھ اُس نے کہا ہے
سکھانے کے لیے آئے۔
11:2 لیکن اگر وہ پھرتا ہے اور اِس تعلیم کو تباہ کرنے والی کوئی دوسری
تربیت دیتا ہے۔ تو اُس کی نہ سنو اور اگر وہ خداوند کے علم اور راستبازی کو
بڑھانے کی تعلیم دیتا ہے۔ تو اُسے آقا کے طور پر حاصل کرو۔
11:3 انجیلِ مقدس کی نصیحت کے مطابق عمل کرو جیسا کہ رسولوں
اور نبیوں نے کیا۔
11:4 ہر شاگرد جو تم میں آتا ہے اُسے مالک کے طور پر لو۔
11:5 لیکن یہ ایک یا دو دِن سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے اگر اِس کی
ضرورت ہے اور وہ تین دِن ٹھہرتا ہے تو وہ جھوٹا نبی ہے۔
11:6 اور جب شاگرد چلا جائے تو اُسے روٹی کے سوا کچھ بھی نہیں
لینا چاہیے۔ جب تک کہ اُس کا اگلا قیام نہ آئے۔ اگر وہ پیسوں کے لیے
کہتا ہے تو وہ جھوٹا نبی ہے۔
11:7 مزید۔ اگر کوئی کاہن روح میں بولتا ہے تو اُسے پرکھنے کی
کوشش نہ کرو کیونکہ ہر گناہ معاف ہو جائے گا لیکن یہ گناہ معاف نہ ہوگا۔
11:8 لیکن ہر کوئی جو روح میں بولتا ہے کاہن نہیں ہو سکتا صرف
وہی کاہن ہو سکتا ہے۔ جس کا راستہ خدا کا راستہ ہے۔ اُن کا راستہ جھوٹے
کاہن کا ہوگا۔ اور اسی سے جھوٹا کاہن پہچانا جائے گا۔
11:9 اگر کوئی کاہن روح میں کھانے کا حکم دیتا ہے تو وہ اُسے نہ
کھائے اگر وہ کھاتا ہے تو در حقیقت وہ جھوٹا کاہن ہے۔
11:10 اور اگر کوئی جو سچ بتاتا ہے لیکن وہ خود ایسا نہیں کرتا جیسی وہ
تعلیم دیتا ہے تو وہ جھوٹا کاہن ہے۔
11:11 جب کوئی کاہن سچا ثابت ہوتا ہے تو وہ دنیا میں کلیسیاء کے
بھید کے لیے کام کرتا ہے۔ لیکن وہ جو کچھ خود کرتا ہے دوسروں کو اُس کی
تعلیم نہیں دیتا تو وہ تم میں مُنصف نہیں ہو سکتا کیونکہ اُس کی عدالت پہلے
ہی خدا کے سامنے ہے۔ قدیم لوگ بھی اِسی طریقہ سے عمل کرتے
تھے۔

11:12 لیکن جو کوئی روح میں کہتا ہے۔" مجھے پیسے دو" یا اِس
طرح کی دوسری کوئی چیز۔ تو تم اُس کی نہ سنو۔ لیکن اگر وہ دوسروں کی
خاطر کہتا ہے۔ جو ضرورت مند ہے تو پھر اُس کی جانچ پڑتال نہ کرو۔

## 12۔ جو کوئی بھی خداوند کے نام سے آتا ہے۔ اُسے خوش آمدید کہو۔

12:1 ہر کسی کو جو خداوند کے نام سے آتا ہے۔ اُسے خوش آمدید کہو۔
اور جو خداوند کے نام سے آتا ہے۔ اُسے لو لیکن پھر اُنہیں پرکھو۔
اور اپنی صوابدید کا استعمال کریں۔
12:2 اگر تمہارے گھر میں آنے والا شخص عارضی ہے۔ تو اُس کو اتنی
مدد کرو۔ جتنے کے تم قابل ہو۔ لیکن اگر اس کی ضرورت ہے تو اُسے
تمہارے ساتھ دو یا تین دِن سے زیادہ نہیں ٹھہرنا چاہیے۔
12:3 اگر کوئی آپ کے پاس ٹھہرنا چاہتا ہے اور ہنر مند ہے تو اُسے
اپنے گزارے کے لیے کام کرنے دو۔
12:4 لیکن اگر اُس کی کوئی تجارت نہیں ہے تو اُس کو مہیا کرنے کے
سلسلہ میں فیصلہ کریں کیونکہ تمہارے درمیان مسیحی کو کاہل نہیں ہونا
چاہیے۔
12:5 اگر وہ اِس طرح کے انتظامات سے غیر مطمئن ہو تو وہ یسوع
مسیح سے اِدھر اُدھر پھرنے والا ہے۔ غور کرو کہ تمہیں ایسے لوگوں سے
دور رہنا چاہیے۔

## 13۔ ہر حقیقی کاہن۔

13:1 ہر حقیقی کاہن جو تمہارے پاس رہنا چاہتا ہے۔ وہ مدد کرنے
کے قابل ہو۔
13:2 پس یہ بھی کہ جو سچا اُستاد ہے ایک کام کرنے والے کی طرح
اپنی مدد آپ کرے۔
13:3 ہر پہلا پھل زمین اور تاکستان کی پیداوار، مویشی اور بھیڑ کا پہلا
بچہ کاہن کو دیا جائے۔ کیونکہ وہ تمہارا اعظیم اُستاد ہے۔
13:4 لیکن اگر کوئی تمہارا کاہن نہیں ہے۔ تو وہ تمام غریبوں کو دے
دو۔
13:5 اگر تم روٹی بناتے ہو تو پہلی روٹی حکم کے مطابق دے دو۔
13:6 اگر تم مے یا تیل کا نیا جار کھولتے ہو تو پہلا پھل کاہن کو دو۔
13:7 اگر تمہارے پاس دولت، کپڑے یا کوئی دوسری چیز ہے تو پہلے
ایک حصہ الگ کر لو۔ کیونکہ یہ تمہارے لیے اچھا ہے۔ اور حکم
کے مطابق دے دو۔

## 14۔ خداوند کے دِن۔

14:1 خداوند کے دِن تو اپنے آپ کو روٹی توڑنے کے لیے اکٹھا کرو۔
شکر گزاری کرو۔ لیکن پہلے اپنے گناہوں کا اقرار کرو۔ تا کہ تمہاری قربانی
خالص ہو جائے۔
14:2 لیکن جو اپنے بھائی سے ناراض ہے۔ وہ تمہارے ساتھ شامل
ہونے کے لیے آگے نہ آئے۔ جب تک کہ اُن کی صلح نہ ہو جائے۔ تا کہ
تمہاری قربانی کی بے حرمتی نہ ہو جائے۔
14:3 یہ وہ فرمان ہے جو خداوند نے کہا۔" سورج کے طلوع
ہونے اور غروب ہونے تک میرا نام تمام قوموں میں عظیم تر ہے۔ اور ہر
جگہ دھوپ میرے نام سے پہنچتی ہے۔ اور میری خالص قربانی قوموں
کے درمیان میرے عظیم نام سے پیش کی جاتی ہے۔ کیونکہ یہ آقا کا فرمان
ہے۔ کیونکہ میں ایک عظیم بادشاہ ہوں۔ رب نے فرمایا۔ اور میرا نام
قوموں میں بہت اچھا ہے۔

## 15۔ اپنے لیے نگہبان مقرر کرنا۔

15:1 تو اپنے لیے نگہبان اور خادم مقرر کرنا جو خُدا کے لائق ہو۔
حلیم طبیعت ہوں۔ زر دوست نہ ہوں۔ سچے اور ثابت شُدہ ہوں۔
کیونکہ وہ تمہیں نبیوں اور اساتذہ کی خدمت کی طرف پھیر دیتے ہیں۔
15:2 اُنہیں حقارت سے نہ دیکھو۔ آخر کار وہ تمہارے لیے عزت
دار ہیں۔ اساتذہ اور نبیوں کے ساتھ ملے رہو۔
15:3 ایک دوسرے کو غصے کے ساتھ نہیں امن کے ساتھ تنبیہ
کرو۔ کیونکہ تمہارے لیے یہ انجیلِ مقدس میں ہے۔ لیکن جو کوئی بھی
ایک دوسرے کے خلاف غلط کاموں کے لیے کام کرتا ہے۔ تو کوئی اُسکے

ساتھ کلام نہ کرے۔اور نہ وہ تمہاری طرف سے کوئی بات سنے جب تک کہ وہ توبہ نہ کر لے۔

## 16۔اپنی زندگی پر نظر کرو۔

16:1 اپنی زندگی سے اوپر کی طرف نہ دیکھو کہ کہیں تمہارا چراغ نہ بجھ جائے۔اور تمہاری کمر نہ جھک جائے۔تیار رہو۔کیونکہ تم نہیں جانتے کہ خداوند کس دِن آجائے گا۔

16:2 اکثر اکٹھے ہوا کرو۔اور وہ چیزیں تلاش کرو۔جو تمہاری روح کے لیے اچھی ہیں۔اگر تم اخیر وقت میں اپنے آپ کو کامل نہیں بناتے تو ایمان کی زندگی تمہیں فائدہ نہیں دے گی۔

16:3 آخری وقت میں بہت سے جھوٹے نبیوں اور خراب لوگوں کو نوازہ جائے گا۔بھیڑیں بھیڑیوں میں تبدیل ہو جائیں گی۔اور محبت نفرت میں بدل جائے گی۔

16:4 جب لاقانونیت بڑھ جائے گی تو وہ ایک دوسرے سے نفرت کریں گے۔اذیت دیں گے اور بے وفائی کریں گے۔جب دنیا کو دھوکہ دینے والا ظاہر ہو گا۔اور خدا کا بیٹا ہونے کا دعویٰ کرے گا۔اور وہ نشانات اور عجائب ظاہر کرے گا۔اور دُنیا اُس کے ہاتھ میں کر دی جائے گی۔اور وہ بے انصافی کے کام کرے گا۔جو دنیا کی ابتداء سے کبھی دیکھے نہ گئے ہوں گے۔

16:5 پھر بنی نوع انسان آگ کی آزمائش میں داخل ہو گا اور بہت سے ٹھوکر کھائیں گے اور تباہ ہوں گے۔اور جو اپنے ایمان پر قائم رہیں گے اور برداشت کریں گے وہ لعنتوں اور ملامتوں میں مبتلا ہونے سے بچائے جائیں گے۔

16:6 اور سچائی کا نشان ظاہر ہو گا۔پہلا نشان آسمان کا کھل جانا اور دوسرا نشان صُور کے پھونکے جانے کی آواز۔اور تیسرا نشان مردوں کا جلایا جانا۔

16:7 ہر کوئی نہیں جیسا کہ کہا گیا ہے۔" اور پھر میرا خداوند آئے گا۔ اور تمام مقدسین اُس کے ساتھ ہوں گے۔

16:8 آخر میں ابن آدم کا نشان آسمان میں ظاہر ہو گا۔اور پھر تمام قبائل ماتم کریں گے۔تو وہ ابن آدم کو آسمان کے بادلوں پر اپنی طاقت اور عظیم جلال کے ساتھ آتا ہوا دیکھیں گے۔